# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 03-09- 2026**

**Time : 12:30 / PM**

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

دوپہر کے **12** بجکر **30** منٹ ہوئے ہیں۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز ہ اختر۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے بڑھتے شہری پھیلاؤ ، آبادی میں اضافے اور پانی کی منتقلی کی ضروریات سے پیداشدہ چیلنجوں کے بارے میں شہری بلدیاتی اداروں میں بیداری پیدا کرنے پرزور دیتے ہوئے کہا کہ ان اداروں کیلئے چنتن **Shivirs** منعقد کئے جانے چاہئیں۔جل شکتی وزارت کی طرف سے پانی سے متعلق **2** روزہ قومی سمٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پانی کو بچانے سے متعلق ٹیکنالوجیز کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لایا جانا چاہیئے۔جن بھاگیہ داری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عام لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے جل اتسو کو تقویت بخشی جانی چاہیئے۔

بھارت دورہ

اسی دوران وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں بلجیم کے اپنے ہم منصب **Bart De Wever** کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کررہے ہیں۔دونوں رہنما دوطرفہ رشتوں کے ساتھ ساتھ کئی علاقائی اور عالمی سطح کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کررہے ہیں۔واضح رہے کہ بلجیم کے وزیراعظم بھارت کے **3** روزہ سرکاری دورے پر کل نئی دلی پہنچ گئے۔آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس دورے سے مختلف شعبوں میں بھارت بلجیم شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔

## CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے طبی شعبے کو اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے اس سیکٹر کو اولین ترجیحات میں شامل کیا ہے۔کل **SKICC** سرینگر میں حال ہی میں تعینات کئے گئے میڈیکل افسروں میں تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے کے بعد انہوں نے ڈاکٹروں پر زور دیا کہ وہ اپنی پوسٹنگ کے بعد دلی اور دور دراز علاقوں میں لوگوں کو اعلیٰ معیاری طبی سہولیات فراہم کرانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ اب لوگوں کو معیاری علاج ومعالجے اور جراحیوں کیلئے بڑے اسپتالوں کو رخ نہیں کرنا پڑنا چاہئے۔اس موقعے پر صحت کی وزیر سکینہ ایتو، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

## C.S

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کل سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں عملائے جارہے بنیادی ڈھانچے اور سڑک پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر خاص طور قومی شاہراؤں، ٹنلوں، فلائی اوورس، **Viaducts**، پلوں، رنگ روڈس اور دیگر پروجیکٹوں کو زیر بحث لایا گیا۔چیف سیکرٹری نے دردست لئے گئے پروجیکٹوں میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرکے انہیں فوری طور سے دور کرنے کی ہدایات دیں۔چیف سیکرٹری کو موقعے پر ایک لاکھ **19** ہزار **736** کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے **87** پروجیکٹوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

## ADGP

اے ڈی جی پی آرمڈ نتیش کمار نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر پولیس کی طرف سے **Civic** ایکشن پروگرام کے تحت منعقد ہونے والے کئی کھیل سرگرمیوں کے تعلق سے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر ستمبر مہینے میں **Pedal for Peace** سائیکل ریس، جشن ڈل اور اکتوبر مہینے میں منعقد ہونے والے رن فار یونیٹی کشمیر میراتھن اور **21** ویں مارٹیرس میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے ان کھیل مقابلوں میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو شرکت کو یقینی بنائیں۔

اسمبلی اجلاس

قانون، انصاف اور پارلیمانی امور محکمے کے کمشنر سیکرٹری اچل سیٹھی نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے دوران نیشنل ای ودھان اپلی کیشن **(NEVA)** کی عمل آوری کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے اجلاس شروع ہونے سے پہلے تمام تکنیکی اور انتظامی امور کو مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ آئندہ اسمبلی اجلاس پیپر **Less** اسمبلی کی ایک مثال پیش کرے گا اور ایوان کی تمام کاروائی ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے انجام دی جائے گی۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کل رفیع آباد میں عوامی بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی غرض سے 3 کروڑ **29** لاکھ روپے لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقعے پر وزیر نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی تکمیل سے علاقے میں عام لوگوں کو بہتر سہولیات میسر ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت یوٹی کے تمام دیہی علاقوں میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے۔

**DC'S**

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں ایگری سٹیک کی عمل آوری، فارمر **ID** تیار کرنے اور ڈیجیٹل کراپ سروے کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ ریونیو افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام اہل کسانوں کو ترجیحی بنیادوں پر ان اقدامات کے دائرے میں لائیں۔انہوں نے کہا کہ یہ عمل معیاد بند مدت کے اندر مکمل کیا جانا چاہیئے۔دریں اثناء گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے بھی ضلعے میں ڈیجیٹل کراپ سروے کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔